## کولٹن اطالوی امریکی سویں سالگرہ منا رہے ہیں



اسمبلی مین کولٹن نے فرانسیسکو ڈی گائیڈا کی 100ویں سالگرہ پر ریاست نیو یارک کی اسمبلی کا اعلامیہ پیش کیا۔ WWII ویٹرن کی سویں سالگرہ کو فیڈریشن آف اٹالین امریکن آرگنائزیشنز آف بروکلن لمیٹڈ، Il Centro (FIAO) کا اسپانسر حاصل تھا۔



اسمبلی مین کولٹن نے حال ہی میں ایک غیر منافع بخش تنظیم FIAO کو 250,000 ڈالر کا وظیفہ فراہم کیا تاکہ کوکنگ کلاسیں فراہم کرنے کے لئے ایک نئے کچن اور سینیئر سنٹر کے استعمال کے ذریعے اطالوی امریکی ورثے اور ثقافت کو برقرار کرنے کے ان کے مشن میں مزید معاونت ہو سکے۔ اس موقع پر اسمبلی مین کولٹن نے کئی شہریوں سے عوامی تحفظ اور علاقے میں معیار زندگی کے اہم مسائل پر بات کی۔

## کولٹن کا دفتر ”آواز اٹھائیں! اور صفائی کریں!“ کیمپین جاری رکھے ہوئے ہے

بینسن ہرسٹ/گریوسینڈ کے علاقے کو صاف رکھنے کے لئے کولٹن، سمر انٹرنز، رضاکاران اور عملہ یکجا ہوئے۔ ان تقریبات کا مقصد انٹرنز اور مقامی رضاکاران کو کمیونٹی کے لئے کچھ کر کے اور مثبت اور بےغرض کام کر کے فخر و کامیابی محسوس کرنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔



## کولٹن کو مارلبورو سے ملین ڈالر وظیفہ ملا

اسمبلی مین کولٹن، عملہ اور رضاکاران NYCHA مارلبورو ہاؤسز فیملی ڈے کی سالانہ تقریب میں۔ نئے بنائے گئے اسکیٹ پارک میں ربن کاٹنے کی تقریب رکھی گئی جس کے لئے اسمبلی مین کولٹن اور سمبروٹز نے گزشتہ سال 2 ملین ڈالر فراہم کیے تھے۔ ان کامیاب تقریبات کا انتظام کرنے کے لئے مارلبورو ہاؤسز ریزیڈینشل اسوسی ایشن ایگزیکٹو بورڈ اور صدر اماریلیس ہریرا کا بہت ”شکریہ“۔



Community Office, 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223

اسمبلی مین

# ولیم کولٹن



## ہمارے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

*بےگھر افراد کے عارضی شیلٹرز کے خلاف (صفحہ 1)*

*جرائم کے خلاف (صفحہ 2)*

*اسکول کے بجٹ میں کٹوتیوں کے خلاف (صفحہ 3)*

خزاں 2022

## اسمبلی مین کولٹن کا کمیونٹی دفتر آپ کے لئے حاضر ہے

**155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223**

*(West 12th اور West 13th Street کے درمیان)*

**ٹیلیفون: (718) 236-1598**

**ای میل: coltonw@nyassembly.gov**

**پیر تا بدھ . . . . . . . . . . . صبح 10:00 تا شام 4:00 بجے**

**جمعرات . . . . . . . . . . . . دوپہر 12:00 تا رات 8:00 بجے**

**جمعہ . . . . . . . . . . . . صبح 10:00 تا دوپہر 12:00 بجے**

# اسمبلی مین کولٹن ہماری کمیونٹی کی



### کولٹن ہمارے عوامی تحفظ کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

لوگوں کو سڑکوں اور عوامی نقل و حمل میں عوامی تحفظ کے متعلق پریشانی لاحق ہے۔ ضروری ہے کہ منتخب کردہ عہدیداران کمیونٹیز میں عوامی تحفظ کے لئے ضروری تبدیلیاں لانے کی کوشش کریں۔

اسمبلی مین کولٹن نے 2019 میں قانون ساز ادارے کے پاس کردہ بیل ریفارم قانون کے خلاف ووٹ دیا تھا اور اس کی کمزوریوں کے خلاف بات کی ہے اور اس سال کے بجٹ میں اس میں تبدیلیاں لانے کی کوشش میں کامیاب ہوئے۔

### کولٹن کی مقامی قیادت جرائم پر قابو رکھے ہوئے ہے

کئی سالوں سے اسمبلی مین کولٹن ہماری کمیونٹی کو پولیس کی مدد اور قدر کرنے کی تحریک دے رہے ہیں۔ روزانہ نیلا ربن پہننے سے لے کر 62 پریسنکٹ اور علاقے کی تنظیموں، لوگوں اور تاجروں کے ساتھ ملاقاتوں کا انعقاد کرنے پر اسمبلی مین کولٹن نے ہماری کمیونٹی میں جرائم سے مقابلے کی قیادت کی ہے۔

### کولٹن سب ویز پر مزید پولیس کے لئے آواز اٹھا رہے ہیں

اگر لوگوں کو سفر کرنے سے خوف محسوس ہو تو ہمارا شہر ترقی نہیں کرے گا۔ اسمبلی مین کولٹن نے آواز اٹھائی اور ٹرانوٹ پولیس کو سب ویز اور اسٹیشنز پر تعینات کرنے کا مطالبہ کیا۔

مئی کے آغاز میں اسمبلی مین کولٹن نے NYPD کی جانب سے سب ویز اور اسٹیشنز پر مزید پولیس تعینات کیے جانے کے لئے فنڈنگ کا مطالبہ کرنے والی درخواست تقسیم کرتے ہوئے کمیونٹی کو متحرک کیا۔ انہوں نے کمیونٹی میٹنگز اور کمیونٹی ایونٹس میں یہ درخواستیں تقسیم کیں اور درخواستوں پر دستخط لینے کے لئے ذاتی طور پر علاقے کے ہر سب وے اسٹیشنز کے دورے کیے۔ ابھی تک ایسی ہزاروں درخواستیں دی جا چکی ہیں اور سینکڑوں کمیونٹی آفس واپس پہنچ چکی ہیں۔

ایک ہفتے کے اندر اندر NYPD نے اعلان کیا کہ رات کے اوقات میں سب ویز پر ٹرانزٹ پولیس شامل کی جائے گی۔ لیکن اسمبلی مین کولٹن نے قیادت جاری رکھی اور آواز اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا کہ دن اور رات دونوں اوقات میں پولیس کی واضح موجودگی ہونی چاہیے۔ بالآخر NYPD نے دن اور رات دونوں اوقات میں ٹرانزٹ پولیس کی موجودگی میں اضافے کا اعلان کیا۔ جولائی میں NYPD کمشنر سیول نے روزانہ عوامی ریکارڈنگز کرنی شروع کیں جن میں انہوں نے سب وے پولیس کی موجودگی میں اس اضافے کا اعلان کیا اور عوام سے سب ویز میں نئی پولیس کی موجودگی سے تعاون کرنے کی درخواست کی۔





## کولٹن کمیونٹی بھر میں



اسمبلی مین کولٹنریزا چرنینا اور بی پراوڈ فاؤنڈیشن کی جانب سے یوکرینین خاندانوں کے لئے جمع کی گئی خوراک کی تقسیم میں مدد کر رہے ہیں۔



اسمبلی مین کولٹن Sts. Simon & Jude R.C. Church میں یوتھ گروپس کی پہلی اینی ورسری منا رہے ہیں۔



اسمبلی مین کولٹن نے ICNA ریلیف اور APPNA میڈ کارپس کے اسپانسر کردہ ایک کمیونٹی کی صحت و بہبود کے میلے میں اقراء مسجد اور 115 ویں پریسنکٹ کے امام احمد علی کے ساتھ شرکت کی۔

# بڑی کوششوں کی قیادت کر رہے ہیں

## کولٹن ہمارے اسکولوں کے لئے رقم اکٹھی کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں

اسمبلی مین کولٹن بڑے حصے سے تعلیم کے چیمپیئن رہے ہیں۔ یہ سال تاریخی تعلیم کے بجٹ کا حصہ تھا، جس میں ریاست بھر میں ریاستی اسکولوں کی امداد میں 2.1 بلین ڈالر اور NYC اسکول فائنڈیشن امداد میں کچھ 600 ملین ڈالر، اور اسکولوں کے دیگر وظائف کا اضافہ کیا گیا۔

اسمبلی مین نے کم ریاستی امداد کے حق میں دلائل دینے والوں کا مقابلہ کیا کیوں کہ کووڈ-19 کی عالمی وبا کے باعث اسکولوں میں طلبہ کی تعداد گھٹ گئی تھی۔ تاہم اسمبلی مین کے خیال میں یہ ہمارے اسکولوں کو عالمی وبا کے باعث پیش آنے والے نقصانات سے بحالی میں مدد کرنے کی ایک اور وجہ تھی۔




## کولٹن شہری کٹ کو 215 ملین ڈالر پر بحال کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں

ریاست کی جانب سے اسکول فنڈز میں اتنا بڑا اضافہ حاصل کرنے کے باوجود نیو یارک سٹی کونسل نے انفرادی اسکولوں کے بجٹوں میں 215 ملین ڈالر کی کٹوتی پاس کی۔ شاید ستمبر میں اسکول کھلنے تک کئی والدین کو اپنے بچے کے اسکول کے بجٹ میں کٹوتی کا علم نہ ہو۔

لیکن اسمبلی مین کولٹن نے دوبارہ والدین کو ابھی ان کٹوتیوں سے آگاہ کر کے ہمارے اسکول کے بچوں کی جانب اپنے عزم کا اظہار کیا۔

## والدین کو اسکول کے بجٹ میں کٹوتیوں کے خلاف کیوں جدوجہد کرنی چاہیے

تقریباً 11 سال تک بطور استاد کام کرنے کے بعد اسمبلی مین کولٹن سمجھتے ہیں کہ آمنے سامنے تعلیم میں بار بار تعطل آنے سے ہمارے بچوں کی تعلیم پر کیسا اثر ہوتا ہے۔ یہ حیرت کی بات نہیں ہے کہ عالمی وبا کے دوران داخلوں میں کمی آئی تھی۔ پھر بھی کووڈ-19 سے متعلقہ تعطل ہونے کے باعث کئی بچوں کی تعلیمی پیشرفت میں کمی آئی۔ ان کمیوں کو پورا کرنے کے لئے وفاقی حکومت نے قومی سطح پر اسکولوں کے لئے اضافی رقم فراہم کی، جس سے ریاست نیو یارک کو ہمارے اسکولوں کو تفویض کرنے کے لئے مزید رقم ملی۔

یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ NYC نے رقوم میں اضافہ قبول کیا اور پھر انفرادی اسکولوں کے بجٹوں میں اتنی بڑی کٹوتیاں کر دیں۔ اس سے یہ سوال اٹھتا ہے کہ اگر گزشتہ سال کے دوران فنڈنگ میں 600 ملین ڈالر سے زائد کا اضافہ انفرادی اسکولوں کے بجٹوں کو نہیں مل رہا تو یہ سارا پیسہ کہاں جا رہا ہے؟

ہمارے بچوں کو اس رقم کی ضرورت ہے تاکہ گفٹڈ پروگرامز کے اہل قرار دیے جانے والے بچوں کو مزید گفٹڈ نشستیں مل سکیں اور جب بچے پیچھے رہ گئے اور جنہیں دوسروں کے برابر آنے کی ضرورت ہے، انہیں مزید معیاری اصلاحی پروگرام مل سکیں۔ اسکولوں میں خصوصی ضروریات رکھنے والے بچوں کے لئے IEP کے قانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے ہمیں مزید رقم کی ضرورت ہے، موسیقی، آرٹس، جسمانی تعلیم اور سائنس کے پروگرام فراہم کرتے ہوئے تمام بچوں کے لئے اسکول پروگرامز میں اصلاحات لانے کے لئے مزید رقم کی ضرورت ہے اور کلاس



کا سائز گھٹانے کے لئے مزید رقم کی ضرورت ہے، خاص کر چھوٹی کلاسوں میں، جن میں مستقبل کی تعلیم کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔

## کولٹن ان کٹوتیوں کو روکنے کے لئے دوبارہ عوام کو تحریک دے رہے ہیں

آپ ایک مرتبہ پھر اسمبلی مین کولٹن کو انتھک محنت کرتے ہوئے علاقے کے سب وے اسٹیشنز اور علاقے کی سڑکوں کے کونوں میں اسکولوں کے بجٹ میں کٹوتیوں کے خلاف درخواستیں لاتے ہوئے دیکھیں گے۔ شاید اسمبلی مین اور ان کا عملہ اور رضاکاران آپ کے گھر کا دروازہ بھی کھٹکھٹائیں کیوں کہ وہ کمیونٹی کو بجٹ میں کٹوتیوں سے آگاہ کریں گے اور والدین اور فیملیز سے مطالبہ کریں گے کہ کٹوتیاں بحال کی جائیں۔

اس طرح ہم بچوں کی تعلیم کے چیمپیئن بنیں گے۔ رقوم اور وسائل کے لئے جدوجہد میں کمیونٹی کو متحد کرتے ہوئے تمام بچوں کے لئے اعلی معیار کی تعلیم کو یقینی بنا کر ہم اپنی قوت کا مظاہرہ کریں گے۔

## ہماری مدد کر رہے ہیں



اسمبلی مین کولٹن، ایلٹا کے صدر لیونورا بلیچزوا اور ان کے ڈانسنگ یوگا گروپ کے ساتھ



اسمبلی مین کولٹن کا دفتر، Breaking the Cycle کی رینی مشعل کے ساتھ، جولائی کی Drop Corp. ہیٹ ویو کے دوران بےگھر افراد میں اسپانسر شدہ پانی کی بوتلیں تقسیم کی جانے والی ہیں۔



اسمبلی مین کولٹنکنگزبورو کمیونٹی کالج میں کووڈ-19 کے باعث 3 سالہ تعطل کے بعد ہاٹ سمر نائٹس کے دوبارہ انعقاد پر تقریر کر رہے ہیں۔

خزاں 2022

# اسمبلی مین
# ولیم کولٹن



**کولٹن ہمارے لئے یہاں اور البانی میں مقابلہ کر رہے ہیں**

## کولٹن 2147 بیتھ ایوینیو میں بےگھر افراد کا شیلٹر روکنے کی جدوجہد میں کامیابی کا اشارہ دے رہے ہیں جبکہ 137 کنگز ہائے وے کے مقام پر اسے روکنے کی جدوجہد جاری ہے



### کولٹن کمیونٹی کو بےگھر افراد کے شیلٹر روکنے کے لئے آگاہ کر رہے ہیں

شہر کی سابقہ انتظامیہ کے تحت بے گھر افراد کے دو شیلٹرز کی تجویز دی گئی، ایک 2147 بیتھ ایوینیو پر اور دوسرا 137 کنگز ہائی وے پر۔ اسمبلی مین کولٹن نے فوراً علاقے کو آگاہ کیا اور ان دونوں کی مخالفت میں کمیونٹی کو تحریک دی۔ کمیونٹی بےگھر افراد کی مدد کرنے کے خلاف نہیں ہے لیکن یہ دونوں مجوزہ شیلٹر پیسہ کمانے کے ذرائع ہیں جن سے بےگھر افراد کی مدد نہیں ہو گی لیکن علاقے کو نقصان پہنچے گا۔ مزید براں، دونوں مجوزہ مقامات کا محل وقوع ناقابل قبول ہے کیوں کہ یہ دونوں اسکولوں، ڈے کیئرز، سینیئر سنٹرز، پارکس اور حتی کہ خودمختار طریقے سے رہنے کے ناقابل بالغ افراد کے گھروں کے بھی نزدیک ہیں۔

### کولٹن کمشنر جینکنز کو یہ مقامات دکھانے لے گئے

اسمبلی مین کولٹن اور کمیونٹی کی دعوت پر کمشنر گیری جینکنز کو دونوں مجوزہ مقامات دکھائے گئے اور انہوں نے اس متعلق کمیونٹی کے دلائل سنے کہ ان منصوبوں کو کیوں ختم کیا جانا چاہیے۔

ان مقامات کا دورہ کرتے ہوئے کمشنر کے سامنے ہزاروں دستخطوں والی درخواست پیش کی گئی، جنہیں دونوں میں سے کسی بھی مقام پر بےگھر افراد کے مجوزہ شیلٹر کی تعمیر کے خلاف اکٹھا کیا گیا تھا۔



### کولٹن نے بتایا ہے کہ NYC اب 2147 کے مقام پر غور نہیں کر رہا

اب شہر کے عہدیداران بیانات دے رہے ہیں کہ 2147 بیتھ ایوینیو کے مقام کو بےگھر افراد کے شیلٹر کے لئے مزید زیر غور نہیں لایا جا رہا۔ اسمبلی مین کولٹن 2147 بیتھ ایوینیو کے مقام پر اسے روکنے کی فتح تسلیم کرتے ہیں اور 137 کنگز ہائی وے پر بےگھر افراد کا شیلٹر تعمیر کرنے کے منصوبے روکنے کی جدوجہد جاری رکھنے کا عہد کرتے ہیں۔

### کولٹن کا اعلان ہے
### ہمیں دوسرے مقام پر بھی اسے روکنا ہو گا

اسمبلی مین کولٹن نے پوری کمیونٹی کی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے ان دونوں عارضی شیلٹرز کی تعمیر روکنے کی سرگرمیاں اور منصوبے ترتیب دیے ہیں اور اب وہ کمیونٹی کی توجہ کو دوسرے مقام یعنی 137 کنگز ہائی وے پر مرکوز کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ماضی میں نئی ترقیات پر گفتگو کرنے اور اگلے اقدامات کی منصوبہ بندی کرنے کے لئے زوم میٹنگز رکھی گئی ہیں۔

اسمبلی مین کولٹن کی قیادت میں کمیونٹی ان خراب منصوبہ بندی والے عارضی شیلٹرز کی تعمیر روکنے کے لئے قانونی کاروائی سمیت تمام درکار کاروائیاں کرنے کے لئے تیار ہے۔

## اسمبلی مین کولٹن کونی آئلینڈ ہسپتال کو 1 ملین ڈالر عطیہ کر رہے ہیں

اسمبلی مین کولٹن کے کمیونٹی دفتر نے NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز/کونی آئلینڈ سے شراکت داری کر کے کمیونٹی پر مشترکہ رسائی کی تقریب کا انعقاد کیا جس میں صحت، بہبود اور پیشہ وارانہ تھیراپی کے سوالات فراہم کیے گئے۔ اسمبلی مین نے اپنی آئندہ مہمات کے لئے 1 ملین ڈالر کا کیپیٹل گرانٹ حاصل کیا۔

ابھی ہسپتال کا کیمپس ایک نیا 11 منزلہ ٹاور تعمیر کر رہا ہے جس کا نام امریکی سپریم کورٹ جسٹس روتھ بیڈر گنسبرگ کے نام پر رکھا گیا ہے۔ دوبارہ ڈیزائن کردہ کیمپس میں ایک نیا بہتر شعبہ برائے ہنگامی صورتحال، جدید ترین آپریٹنگ کمرے بشمول روبوٹک سرجری، کئی جدید خصوصی نگہداشت کے سوئیٹ، سپرسٹورم سینڈی سے نقصانات کے بعد سیلاب سے بچاؤ کی نئی دیوار اور بہت کچھ

